پیش کررہے ہیں، جن میں "القول الراجح" اصول الهدایه، مسائل سفر، اتباع سنت ومذہب حنفیت، مقالات نعمانی وغیرہ علمی حلقوں سے داد تحسین حاصل کر چکے ہیں۔ زیرتبصرہ کتاب 'وحدت رمضان وعیدین' حضرت مفتی صاحب کی عالم اسلام کے ایک دیرینہ مسئلے کے حل کی ایک کاوش ہے جسمیں عام طور پر مسلمان آپس میں عیدین و رمضان کے حوالے سے مختلف نظر آرہے ہیں۔ زیرنظر تحقیق میں حضرت مفتی صاحب نے امت کے اتفاق واتحاد، اصل مذہب حنفیت (عدم اعتبار اختلاف مطالع) کو برقرار رکھنے کے لئے قدم اٹھایا ہے' اس سلسلے میں جو بنیادی کوششیں کرکے ان کو اس کتاب کا حصہ بنایا ہے وہ یہ ہیں: (۱) اختلاف مطالع کی حیثیت کیا ہے؟ (۲) چند اندرونی وبیرونی ممالک کے دارالافتاؤں سے اس بارے میں استفتاءت اور پھران کی آراء کو شامل کیا ہے۔ (۳) اندرون ملک کے نامور علماء کرام سے براہ راست رابطے، بذات خود ملاقات، بحث ومباحثہ کے بعد ان کی آراء سے استصواب حاصل کیا ہے۔ (۴) علماء کے علاوہ ملک کے دانشوران فلکیات کے ماہرین سے رابطے اور انکی آراء کو بیان کیا ہے۔ (۵) مختلف جرائد سے تحقیقی مضامین کو شامل کیا ہے۔ اس سے قبل بھی یہ کتاب کئی بار چھپ کر ہاتھوں ہاتھ بک چکی ہے، اب نئی ڈیزائن کیساتھ دوبارہ چھپ کر شائع ہوئی ہے، اللہ تعالیٰ مفتی صاحب کی اس کاوش کو قبول فرمائے۔ امین۔ ۱۸۴ صفحات پر مشتمل یہ مجموعہ ۸۰ روپے سے مؤتمر المصنفین جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک سے دستیاب ہے۔ (مبصر: مفتی غلام حسین)

● منہج الشیخ محمد اسحاق خان المدنی فی تفسیرہ زبدة البیان ...... مولفہ: اُم کلثوم

اس دور میں روزانہ کوئی نہ کوئی فتنہ پیدا ہوتا ہے قرآن کریم کے ترجمہ اور تفسیر کے نام پر لوگوں کو اسلامی تعلیمات سے برگشتہ کرنے اور اسلامی علمیت کے انہدام کے لئے طرح طرح کے حربے استعمال کئے جاتے ہیں کہیں نام نہاد جدیدیت پسندہ دانشور درس قرآن کے بہانے امت مسلمہ کو طرح طرح کے شکوک وشبہات میں مبتلا کردیتے ہیں اور کم فہم لکھے پڑھے نوجوان صحیح راہ سے بھٹک جاتے ہیں، اللہ کا نظام بھی عجیب ہے کہ ہر قسم کی گمراہی کا سد باب کرنے کے لئے علماء حق کی جماعت کو مستعد وفعال کردیا ہے، ہر زمانہ میں علماء حق نے ہر فتنے کا تاروپور بکھیر دیا ہے' لہٰذا ہر دور میں علماء حق نے قرآن پاک کے ترجمہ اور اس کی تفسیر کی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے اس خدمت کو بااحسن وجوہ پورا فرمایا مختلف زمانوں میں مختلف مفسرین نے اس خدمت کو اپنا فریضہ سمجھ کر خلوص دل سے سرانجام دیا ہے انہی مفسرین اور خدام قرآن میں مولانا محمد اسحاق خان المدنی بھی شامل ہیں، موصوف کی شخصیت کسی تعارف کا محتاج نہیں، وہ جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ کے فاضل اور کئی وقیع علمی وتحقیقی کتابوں کے مصنف اور کشمیر کے معروف اور مشہور علمی و مذہبی شخصیت بھی ہیں' انہوں نے علم التفسیر میں تین تفاسیر کو زیب قرطاس فرمایا ہیں ان میں ایک اوجز البیان فی تفسیر القران ۲ عمدہ البیان فی تفسیر القرآن ۳ زبدة البیان فی تفسیر القرآن اول الذکر مختصر تفسیر ہے یہ صرف ترجمہ اور مختصر وقیع حواشی پر مشتمل ہے، ثانی الذکر اردو زبان میں ایک ضخیم مگر جامع